Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۶ رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ جنوری ۱۹۳۴ء

حصہ دوم

خلاصہ احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

(۱)	حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	(۶)	احکام صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴ و ۵
(۲)	″ ″ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۳	(۷)	فہرست مقدمات ہائی کورٹ	۶ و ۷
(۳)	احکام ″ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	″	(۸)	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۸ و ۹
(۴)	حکم ″ صاحب آرمی منسٹر بہادر	″	(۹)	نقشہ نرخنامہ اجناس	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس جناب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقعہ ۹ جنوری ۱۹۳۲ء

بموجب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر۔
حسب منشائے ہمایوں۔ صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ
کی رخصت اتفاقیہ آئندہ یوم تاریخ استفادہ سے منظور
کیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
علاوہ اپنے کام کے صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ کا
کام انجام دینگے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۱۰ جنوری ۱۹۳۴ء

مثبتہ تحریر فنانس صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر مع یادداشت صاحب ایگزیکٹیو انجینیر سپلائی بابت سفارش منظوری رخصت رعایتی بارہ یوم مطلوبہ صاحبزادہ سید اخلاق حسین خان بہادر سپرنٹنڈنٹ جنگی مشاہرہ پچاس روپیہ از یوم استفادہ بغرض [illegible] کی عنایت ہو۔

حکم

رخصت رعایتی بارہ یوم حسب تصدیق اکاؤنٹس آفس یوم استفادہ سے منظور کی جاتی ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۱۰ جنوری ۱۹۳۴ء

وارث علی خان مدرس اول مدرسہ بازید پور تحصیل حضور تنخواہ دس روپیہ ماہوار ایک ماہ ایک یوم کی رخصت حاصل کر چکا ہے اسی سلسلہ میں مزید رخصت چھ یوم کا خواستگار ہے اکاؤنٹس آفس سے استحقاق رخصت کی تصدیق ہو گئی ہے۔ لہذا حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نامبردہ کی مزید رخصت چھ یوم بوجہ بیماری ۲۶ لغایت ۳۱ دسمبر ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ بسلسلہ سابقہ و بانتظام موجودہ منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۱۱ جنوری ۱۹۳۴ء

مثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ صدور حکم منظوری رخصت دو یوم ۳ و ۴ جنوری ۱۹۳۴ء بوضع تنخواہ و بوجہ عدم استحقاق رخصت اتفاقیہ مسمی مقصود رضا خان انگلش ٹیچر مدرسہ گنج طوفان تنخواہ دار [illegible]

حکم

بموجب رپورٹ مقصود رضا خان انگلش ٹیچر کی رخصت دو یوم ۳ و ۴ جنوری ۱۹۳۴ء بوضع تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب آرمی منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۹ جنوری ۱۹۳۴ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری معروضہ ۲ جنوری ۱۹۳۴ء صوبیدار بانکے لال صاحب انفنٹری مذکور کو رخصت تین یوم من ابتدائے ۱۰ جنوری ۱۹۳۴ء لغایت ۱۲ جنوری ۱۹۳۴ء بنا بر واقعی مقام بریلی بضرورت وصول لگان دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر اجرا ہو کر اور ایک نقل اسکی مطبع کو بنا بر درج گزٹ مرسل ہو۔

دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

احکام اجلاس جناب ریوینیو منسٹر بہادر

تقرر

۲۲ر نومبر ۳۲ء

نقشہ یادداشت صاحب اگزیکٹیو انجینیر انہار دربارہ اخراج نام مسمی موہن لال امیدوار انہار شاہرہ للعہ از ۱۰ر نومبر ۱۹۳۲ء بوجہ فوتی و تبادلہ عبدالقادر خان امیدوار دفتر انہار شاہرہ دار للعہ بااضافہ ۳ ماہوار بجائے متوفی و تقرر منوہر لال پسر متوفی بجائے عبدالقادر خان مذکور بشاہرہ للعہ

حکم

رپورٹ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریوینیو منسٹر بہادر

حکم ثانی

بسلسلہ حکم ۲۲ر نومبر ۱۹۳۲ء احکام تقرر منوہر لال تاریخ کارگزاری سے جاری ہوں۔ عہدہ کو برائے اجرائے احکام بھیجو۔ ۱۴ر جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب ریوینیو منسٹر بہادر

انتظام

۱۴ر جنوری ۳۳ء

محمد علیخان ضلعدار ملک تحصیل قانونگوئی نائبہ مقرر ہو تنخواہ وہی پائیگا جو ضلعداری میں پاتا ہے باقی انتظامات حسب تجویز ریوینیو سکریٹری صاحب منظور ہیں۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریوینیو منسٹر بہادر

تحریر صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر

بسلسلہ تبادلہ منشی رضی حسین گرداور بعہدہ سررشتہ اسپرٹ

منشی محمد ابراہیم گرداور قانونگوئی متعینہ تحصیل نائبہ جو اب تحصیل حضور میں کام کر رہے ہیں تحصیل شاہ آباد کو تبدیل ہو چکے ہیں انکی جگہ کے انتظام کیلئے یہ چاہا گیا کہ منشی ممتاز حیدر گرداور قانونگوئی تخفیف شدہ جو اب ضلعداری کے عہدہ پر تحصیل ملک میں تعینات ہیں بعہدہ گرداوری تحصیل نائبہ میں تعینات کئے جاویں مگر دریافت پر منشی ممتاز حیدر نے اس تبادلہ سے انکار کیا چونکہ منشی محمد ابراہیم گرداور کا چارج ابھی تبدیل نہیں ہوا ہے اور انکو تحصیل شاہ آباد پہونچنا ضروری ہے لہذا منشی محمود علیخان سکنڈ امیدوار کو جو فیلڈ انسپکٹر بلاسپور میں ہیں اپنی موجودہ تنخواہ پر عارضی طور پر بجائے منشی محمد ابراہیم گرداور کے تبدیل فرمایا جاوے تاکہ وہ منشی ابراہیم کو چارج لیکر سبکدوش کر دیں اور شاہ آباد چلے جاویں ڈائرکٹر صاحب کا مشورہ بھی اسی موافق ہے یادداشت ہذا بغرض صدور حکم بصیغہ ضروری باجلاس عالیجناب صاحب ریوینیو منسٹر بہادر پیش ہو منشی گوپی ناتھ صاحب پیش کر دیں۔ ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۲ء

(دستخط صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر کیمپ چکنیاں)

برخاستگی

۱۴ر جنوری ۱۹۳۳ء

بملاحظہ مثل متعلقہ سید عبدالحمید ہیڈ علاقہ دار محکمہ انہار۔

حکم

تمام کاغذات پر غور کرکے ہم اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ سید عبدالحمید کو محکمہ انہار میں رکھنا مناسب نہیں ہے نہ تو انہوں نے اپنی صفائی پیش کی اور نہ دیگر محکمہ میں منتقل

کو منظور کیا جواب بھی ناقابل اطمینان پیش کیا ہے دفتر
سے اعداد و شمار بلا اجازت انجنیر صاحب اخبار حاصل
کرنا بجائے خود ایک نہایت قابل تدارک فعل ہے
سید عبدالحمید کو ملازمت سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ احکام
جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تبادلہ جات

۴ جنوری ۱۹۳۷ء

مثبتہ عرضی تلچھمی پرشاد محرر صدر بسلسلہ تحصیل ٹانڈہ بہ درخواست
تبادلہ خود بحضور تحصیل

حکم

تبادلہ جات مصرحہ کے نسبت احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تلچھمی پرشاد	حضور تحصیل
تجمل حسین خاں	ٹانڈہ
امجد علیخاں	ایضاً
حفظ الباری خاں	سوار

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

واقع ۱۱ جنوری ۱۹۳۳ء

حکم اجلاس مسٹر معظم علیخان صاحب بہادر چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں ابتدا ۵ جنوری ۱۹۳۳ء لغایت ۱۱ جنوری ۱۹۳۳ء ہوئی منسلکہ ہذا برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو .... دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ پیشی	یوم	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۵ جنوری ۱۹۳۳ء	جمعہ	•	•	•	تعطیل
۶ جنوری	شنبہ	•	•	•	تعطیل شہادت حضرت سیدنا
۷ جنوری	یکشنبہ	•	•	•	امیر المومنین علیہ السلام
۹ جنوری	دوشنبہ	•	•	•	•
۱۰ جنوری ۱۱ جنوری	سہ شنبہ	مسٹر معظم علیخان صاحب بہادر چیف جسٹس	گنگا بہاری لال بنام بھجے رام	اپیل ابتدائی دعوی زرخرچہ	زیر تجویز
؍؍	؍؍	؍؍	لندن ۔ بنام خورشید	نگرانی فوجداری الزام دفعہ ... ضابطہ فوجداری	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۲ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
؍؍	؍؍	مسٹر معظم علیخان صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس ... صاحب بہادر	بانکے خان وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۵۵ و ۳۵۷ ...	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۲۵ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
؍؍	؍؍	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	لالہ رتن لال بنام موہن لال	ابتدائی دیوانی دعوی ...	برائے ادخال بیان تحریری ۲۳ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
؍؍	؍؍	؍؍	کنیز بیگم بنام محمد رضا خان	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق وغیرہ	برائے سماعت ۱۰ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
؍؍	؍؍	؍؍	محمد حسین خان بنام شمبوناتھ	ابتدائی دیوانی دعوے ...	برائے وضع تنقیح ۱۲ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
؍؍	؍؍	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	شیر بہادر سنگھ وغیرہ بنام گرجوری سنگھ وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی دخلدہانی جائداد	برائے ادخال بیان تحریری ۲۱ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
؍؍	؍؍	؍؍	سرکار بنام شیام لال وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم ۳۰۲	بقیہ ثبوت پیش کرنے کیواسطے ۱۷ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی

[illegible] جنوری ۳۶ء	[illegible]	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	سیادة سکندر بیگم بنام نادر شاہ خان وغیرہ	درخواست اجراء ڈگری نسبت سپیل زر ڈگری	بجا بیباقی جزوی زرڈگری شمل مثل خارج ہوئی
″	″	″	چھنو خان وغیرہ بنام حبیب الصمد وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی صہ حادث	منجملہ ... دعوی حبان بابت ... ڈگری ہوا
[illegible] جنوری ۳۶ء	چہار شنبہ	″	سرکار بہادر بنام شیام لال وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت / ۳۴	بقیہ ثبوت پیش کرنیکے واسطے ۱۷ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
″	″	مسٹر معظم علیخان صاحب بہادر چیف جسٹس	ہوری لال بنام ہردیال	اپیل دیوانی دعوی واپسی مرہونہ	اپیل نامنظور ہوا
″	″	″	طوطا بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	برائے سماعت ۱۵ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
[illegible] جنوری ۳۶ء	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام شیام لال وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت / ۳۴	زیر پیشی
″	″	مسٹر معظم علیخان صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	عبدالرحیم بنام سیتا	اپیل دیوانی دعویٰ تنفیخ ڈگری	زیر پیشی
″	″	″	محمد طاہر خان بنام سید محمود شاہ	اپیل دیوانی دعوے الصہ زرثمن	زیر پیشی
″	″	مسٹر معظم علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس	لکشمی بہاری لال بنام جے جے رام	اپیل دیوانی دعوی صہ ۱۲/۶ زرخرچہ	اپیل نامنظور ہوا

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

روبکار عدالت العالیہ ہائی کورٹ

واقع ۴ جنوری ۱۹۳۳ء

سررشتہ نقل سے نقلیں بہت دیر میں خواہندگان نقل کو ملتی ہیں جس کی وجہ سے اپیل و نگرانی داخل کرنے میں اہل معاملہ کا حرج ہوتا ہے اور ارجاع اپیل و نگرانی میں توقف ہوتا ہے اور جب کسی مسل میں عدالت اپیل سے کسی فریق کو کوئی نقل داخل کرنے کا حکم ہوتا ہے تو بانتظار ورود نقل سماعت اپیل و نگرانی کی نہیں ہو سکتی ہے۔ علاوہ ازیں زیادتی کام سررشتہ نقل کی غلطیوں کے ایک وجہ دیر نقلیں ملنے کی یہ بھی ہوتی ہے کہ جب کسی عدالت سے مسل کو نذر میں منگائے نقل سررشتہ نقل طلب کرتا ہے تو اہلکار تحویل مسل باوجود پہونچ جانے فارم نقل کے مسل کو محافظ خانہ یا کسی عدالت میں بھیجدیتا ہے۔ اور بعد روانگی مسل کے فارم نقل کی پشت پر یہ جواب لکھدیتا ہے کہ مسل موجود سررشتہ نہیں ہے محافظ خانہ یا کسی عدالت میں گئی ہے جسکے سبب سے فارم نقل گردش میں رہتا ہے۔ یہ طریقہ نہایت مذموم ہے آئندہ جسوقت فارم نقل بغرض طلبی اصل کاغذ کسی عدالت میں پہونچے تو فوراً کاغذ مطلوبہ سررشتہ نقل کو بھیجا جانا چاہیے اور مسل میں یہ یادداشت روانگی اصل کاغذ درج کر کے مسل محافظ خانہ یا عدالت متعلق میں روانہ کرنا چاہیے اگر آئندہ اس حکم کے خلاف کسی عدالت ماتحت میں عمل کیا جائیگا تو عدالت متعلق کے اہلکار تحویل مسل سے مؤاخذہ باز پرس اور مناسب تدارک کیا جائیگا۔ بنا برآں

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کی بغرض اطلاع و تعمیل تمام حکام عدالتہائے دیوانی و فوجداری کے بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو اور ایک ایک نقل جملہ عدالتہائے ماتحت دیوانی و فوجداری کو بھیجی جائے۔ اصل روبکار ہذا بعد اطلاع دہی ایلمدان عدالت العالیہ شریک فائل ... کیا جائے۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

حکم اجلاس جناب کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ

معطلی

یکم جنوری ۱۹۳۳ء

بسلسلہ اسکیم جدید باورچیخانہ جات ہندوستانی و انگریزی مہمانداری جمیل احمد خان سابق تحویلدار باورچیخانہ جات مہمانداری کو جنرل ڈیوٹی کلرک مقرر کیا گیا تھا اور جائی برتنان و کراکری بر جگہ اسٹور کیپری پر تبدیل کیا گیا تھا۔ ... چارج جنس و ظروف و پارچہ وغیرہ کے دوران میں جمیل احمد مذکور اسٹور کی کنجیاں صاحب چیف منسٹر بہادر کی خدمت میں اپنی والدہ کے ذریعہ پیش کرا کے بغیر چارج سمجھائے ہوئے روپوش ہو گیا دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ماہ اکتوبر ۱۹۳۲ء و ماہ نومبر ۱۹۳۲ء کے بل آئیٹم بابت طعام وغیرہ کی بھی تکمیل نہیں ہوئی ہے نیز سرسری طور پر سامان کو دیکھنے پر معلوم ہوا کہ نامبردہ (جمیل احمد) کی تحویل شراب و جنس وغیرہ کافی تعداد میں کم ہے۔ جانچ سامان تحویلی کا انتظام کر دیا گیا ہے۔ تاکہ تفصیلی حالت معلوم ہو سکے۔ حسبضابطہ اس متعلق جلد رپورٹ پیش ہونا چاہیے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

جمیل احمد خان سابق تحویلدار باورچیخانہ جات مہمانداری کو یوم غیر حاضری سے معطل کیا جاتا ہے نامبردہ کی تحویل کی جانچ کی مفصل رپورٹ پیش ہونے پر کارروائی آئندہ عمل میں لائی جائیگی۔ سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک ایک نقل حسب ضابطہ متعلق کو روانہ کی جائے۔

دستخط صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ

حکم اجلاس جناب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۵ جنوری ۱۹۳۳ء

مثبتہ عرضی فرید الزمان خان عرف بابر پٹیر باشندہ عطائے رخصت چار یوم من ابتداء لغایت ۱۰ جنوری ۱۹۳۳ء بوجہ علالت خود

حکم

سائل کو اتفاقیہ یا رعایتی رخصت کا حق نہیں ہے لہذا چار یوم کی رخصت بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ناظم صاحب شمالی

رخصت

۱۰ جنوری ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر صدر پورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور باستدعا منظوری رخصت رعایتی مزید یکماہ مطلوبہ بلدیو پرشاد سیاہہ نویس تحصیل بلاسپور مشاہرہ ۱۶ ادر سولہ روپیہ ماہوار من ابتدا ۲۹ نومبر لغایت ۲۸ دسمبر ۱۹۳۲ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ علالت خود۔

حکم

تحریر جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بہادر سے بلدیو پرشاد سیاہہ نویس کو مزید یکماہ کی رعایتی رخصت حاصل کرنے کا حق .... معلوم ہوتا ہے لہذا یکماہ کی مزید رخصت رعایتی من ابتدا ۲۹ نومبر لغایت ۲۸ دسمبر ۱۹۳۲ء منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط ناظم صاحب شمالی

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ دوم ماہ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	[illegible]
گندم	۱۳، ۱۳/۱ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۵ ار، ۱۶ ار	۱۶ ار	
نخود خالص	۱۵ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	۱۹ ار	۱۸ ار	۱۶ ار	
نخود کشتہ آمیز	۱۷ ار	۱۴ ار	۱۶ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۱۰ ار	
کسٹ	۱۹ ار	۱۷ ار	۱۸ ار	۲۲ ار	۲۱ ار	۱۹ ار	
ماش	۱۲ ار	۱۲، ۱۲ ار	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۵، ۱۶ ار	۱۵ ار	
مونگ	۱۲ ار	۱۴ ار	۰	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	
ساٹھی	۲۲، ۲۲ ار	۲۲ ار	۲۱ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	
جئی	۲۱ ار	۰	۰	۰	۲۲ ار	۲۲ ار	
گوجی	۰	۰	۰	۰	۱۸ ار	۲۰ ار	
عدس	۱۴ ار	۱۴ ار	۰	۰	۶ ار	۱۲ ار	
ارہر	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	۰	۱۴ ار	۱۴ ار	
برنج	۱۰ ار	۱۰ ار، ۱۲ ار	۱۰ ار، ۱۱ ار	۱۰ ار، ۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	۳ چھٹانک	۳ ار	۲ چھٹانک	۳ ار	
روغن سیاہ	۳ ار	۳ ا	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۲ ار	۲ ا	۲ ار	۰	۳ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۹ ار	۹	۸ ار	۹ ار	۱۰ ار	۹ ار	
نمک لاہوری	۵ ار	۸ ار	۶ ار	۷ ار	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۱۵ ار	۱۱، ۱۲	۱۲ ار	۱۴ ار	۱۳ ار	۱۵ ار	
باجرہ	۲۰ ار	۲۱ ا	۲۱	۲۰ ار	۱۸ ار	۱۸ ار	